حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 14.08.2026

یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران☆ اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

قائد کے بتائے گئے اصول کام، کام اور صرف کام کے تحت عمل کریں تا کہ حیسکو ترقی حاصل کر سکے۔

ہم سب کو ایک قوم ہو کر پاکستان کی ترقی اور بقا کے لئے کام کرنا چاہیے آزادی بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدر اور حفاظت کرنا ہم سب کا فرض ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بنیان مرصوص اور مکہ دفاعی معاہدہ میں کامیابی دی ہے، وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر مملکت آصف علی زرداری کی بہترین قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت ہمارے ملک کو پوری دنیا میں عزت مل رہی ہے، آج ہم 79 واں یوم آزادی منا رہے ہیں، تمام اہلیان وطن اور حیسکو صارفین کو مبارکباد دیتا ہوں، حیسکو نے بڑے تاریخی کام کیے ہیں جس میں لوڈ شیڈنگ سے آزادی بھی شامل ہے، 68 عدد 11 کے وی فیڈروں کو زیرو لوڈ شیڈنگ کیا گیا ہے اور یہ روشنیوں کا سفر جاری ہے عوام کے بھرپور تعاون سے حیسکو مزید فیڈروں کو بھی زیرو لوڈ شیڈنگ فری کرے گا۔ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا تقریب سے خطاب

حیسکو ہماری پہچان ہے، اور ہمیں اپنی پہچان کی حفاظت کرنی ہے اس طرح جیسے پاک فوج وطن عزیز پاکستان کی حفاظت کر رہی ہے، قائد مزدور عبدالطیف نظامانی

حیدرآباد (پ ر) حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کے ترجمان کے مطابق پورے ملک کی طرح حیسکو پاور ونگ کالونی میں بھی وطن عزیز پاکستان کا 79 واں یوم آزادی نہایت جوش وخروش، قومی جذبے اور پروقار انداز میں منایا گیا۔ پاکستان کا 79 واں یوم آزادی 14 اگست 2026 کو منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر حیسکو پاور ونگ کالونی میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے تمام افسران، ملازمین اور اہل وطن کو 79 ویں یوم آزادی اور معرکہ حق کی فتح پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت اور ہماری قومی شناخت ہے، جس کے حصول کے لیے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ ایک اہم تاریخی پیشرفت ہے، جس پر 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں دستخط کیے گئے۔ اس معاہدے کے تحت تینوں ممالک نے باہمی دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا عزم کیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ایک نظریاتی بنیادوں پر قائم ہونے والی ریاست ہے اور حب الوطنی ہمارے ایمان اور قومی ذمہ داری کا اہم حصہ ہے۔ ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے اور قائداعظم محمد علی جناحؒ کے اصول ''ایمان، اتحاد اور تنظیم'' پر عمل کرتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے حیسکو کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ! حیسکو انتظامیہ کی جانب سے 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو لوڈ شیڈنگ سے آزاد کر دیا گیا ہے اور روشنی کا یہ سفر جشن آزادی کے ساتھ بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ صارف دوست سروس پالیسی کے تحت عوام کو بہتر، مستحکم اور معیاری بجلی کی فراہمی حیسکو کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ آج کے دن ہم سب کو یہ عہد کرنا چاہیے کہ ایک ٹیم کی حیثیت سے محنت، لگن، ایمانداری اور خلوص کے ساتھ حیسکو کی بہتری کے لیے کام کریں گے۔ ادارہ مضبوط ہوگا تو ہم مضبوط ہوں گے، اور ادارے کی ترقی دراصل ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہماری پہچان ہے اور اس کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہمیں تمام ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر اپنی توانائیاں وطن عزیز کے لیے وقف کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص اپنے ادارے اور ملک کے ساتھ مخلص اور سچا ہو، وہ یقیناً اپنے ادارے اور وطن کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے تقریب کو شاندار انداز میں منعقد کرنے پر حیسکو کے تمام افسران، ملازمین اور عملے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قومی دن ہمیں اپنے ماضی سے سبق حاصل کر کے مستقبل کے لیے بہتر حکمت عملی اختیار کرنے کا درس دیتا ہے۔ اس موقع پر قائد مزدور عبداللطیف نظامانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم آج کے دن عہد کرتے ہیں کہ حیسکو کی ترقی اور بہتری کے لیے ایک ٹیم بن کر کام کریں گے۔ حیسکو ہماری پہچان ہے اور ہمیں اپنی اس پہچان کی حفاظت اسی جذبے سے کرنی ہے جس طرح پاک فوج وطن عزیز پاکستان کی حفاظت کر رہی ہے۔ تقریب میں سید وسیم حسین، رکن قومی اسمبلی وممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر قومی پرچم تیار کرنے والے معروف کاریگر ماسٹر الطاف کے فرزند ظہور الحسن اور معروف سماجی شخصیت نوید احمد شیخ بھی موجود تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد تمام افسران اور ملازمین نے قومی ترانہ سنا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے قومی پرچم کشائی کی۔ تقریب میں اسٹیج سیکریٹری کے فرائض ڈپٹی منیجر سیکیورٹی سید فائق حسین شاہ نے سرانجام دیے۔ تقریب کے دوران چیف ایگزیکٹو آفیسر نے حیسکو کالونی کے احاطے میں پودا بھی لگایا اور ملک وقوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کی گئی۔ اسی طرح حیسکو کے نوابشاہ سرکل اور میرپور خاص سرکل میں بھی متعلقہ سپرنٹنڈنگ انجینئرز کی جانب سے 79 ویں یوم آزادی کی پروقار تقریبات منعقد کی گئیں۔ حیسکو پاور ونگ کالونی کی تقریب میں حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی جانب سے سیاسی، سماجی اور حیسکو افسران کو اعزازی شیلڈ بھی دی گئی اعزازی شیلڈ پانے والوں میں ایم این اے/ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پاور ڈویژن سید وسیم حسین، قائد مزدور سی بی اے یونین عبدالطیف نظامانی، ظہور الحسن، نوید احمد شیخ، ڈاکٹر کشن لال سابق بی او ڈی ممبر، رمیش کمار چیف انجینئر (پلاننگ)، امیر احمد میمن چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی)، شفیق احمد میمن ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن، سہیل احمد شیخ ایس ای آپریشن سرکل لاڑ، عقیل نور میمن ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد، حافظ بدرالدین منیجر سول، آصف حسین بھٹو پی ڈی (جی ایس سی)، انعام علی ابڑو پی ڈی (کنسٹرکشن)، منظور احمد مگسی منیجر (ایس اینڈ آئی)، سید فائق حسین شاہ ڈپٹی منیجر (سیکیورٹی)، صفدر علی میمن پرنسپل (آر ٹی سی)، آصف شیراز ڈائریکٹر (سیفٹی)، ظفر علی سومرو ایکسین (سول)، محمد صادق کبر ڈپٹی منیجر (پی آر) سمیت دیگر افسران وملازمین نے شرکت کی۔ اس موقع پر CBA کے مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی، محمد اقبال خان، اعظم خان اور دیگر نمائندگان بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران حیسکو کالونی کے احاطے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے پرچم کشائی کی، قومی ترانہ سنا اور پودہ لگانے کے بعد چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اپنی پوری ٹیم کے ہمراہ واپڈا ہسپتال پہنچے، جہاں انہوں نے زیرِ علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ واپڈا ہسپتال پہنچنے پر حیسکو چیف نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سعیدہ پروین کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ رپورٹنگ لیبارٹری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ہسپتال کے طبی وانتظامی امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں حیسکو چیف نے مختلف وارڈز کا دورہ کرتے ہوئے مریضوں کی عیادت کی اور انہیں جشنِ آزادی کی مبارکباد کے طور پر پھولوں کے گلدستے اور مٹھائی کے تحائف پیش کیے۔ انہوں نے مریضوں سے ان کی صحت کے بارے میں دریافت کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو جلد از جلد صحتِ کاملہ عطا فرمائے اور انہیں صحت و تندرستی کے ساتھ اپنے گھروں کو لوٹائے۔ انہوں نے ہسپتال کے ڈاکٹرز اور طبی عملے کی جانب سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور خدمات کو بھی سراہا۔



79 ویں یومِ آزادی کی پروقار تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری، ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پاور/ ایم این اے سید وسیم حسین و دیگر سیاسی وسماجی شخصیات اور حیسکو افسران کے ہمراہ حیسکو پاور ونگ کالونی میں منعقدہ یومِ آزادی کی پروقار تقریب میں شرکت کرتے ہوئے۔